FF-14 (U) 02/19/2025 (page 1 of 2)
(E) 02/10/2025 LLF

# Fair Fares NYC کی مجوزہ دستاویزی شہادت کی فہرست (Urdu)

Fair Fares کے لیے درخواست دینا آسان ہے، ہو سکتا ہے آپ کو کوئی دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت نہ ہو**!** اگر آپ جمع کرواتے ہیں تو ذیل کی فہرست سے آپ کو دستاویزات منتخب کرنے میں مدد ملے گی۔ جب آپ اپنی درخواست مکمل کریں گے تب آن لائن درخواست آپ کو بتائے گی کہ آپ کو کیا جمع کروانا ہے۔

■ اپنی **شناخت** اور **عمر** کی تصدیق کرنے کے لیے، درج ذیل میں سے کوئی **ایک** استعمال کریں:

- حکومت کی جاری کردہ با تصویر آئی ڈی (جیسے، NYS ID, IDNYC)
- کسی بھی ریاست کا ڈرائیونگ لائسنس
- کسی بھی ملک کا پاسپورٹ
- حکومت کی جاری کردہ میعاد ختم شدہ با تصویر آئی ڈی - 3 سال پہلے تک
- امریکی فوجی آئی ڈی
- قبائلی آئی ڈی
- USCIS رجسٹریشن کارڈ/مستقل مکین کا کارڈ/گرین کارڈ/وطن گیری کا سرٹیفکیٹ
- تبنیت کے کاغذات
- سند ولادت
- NYS محکمہ اصلاحات اور کمیونٹی کی نگرانی (NYS Department of Corrections and Community Supervision) کا جاری کردہ مجرم کا شناختی کارڈ 3 سال پہلے تک

نوٹ: دیگر دستاویزات بھی استعمال کی جا سکتی ہیں۔ آپ کی دستاویزی شہادت پر آپ کا نام اور تاریخ پیدائش ہونا ضروری ہے۔

■ اپنی **سکونت** کی تصدیق کرنے کے لیے، پچھلے 90 دنوں کا بل، گوشوارہ یا حکومت کا جاری کردہ خط استعمال کریں:

- کیبل، فون یا یوٹیلیٹی بل
- نیو یارک سٹی میں سکونت کے لیے آپ کے نام سے کوئی لیز
- امریکی ڈاک خدمات (United States Postal Service, USPS) کی پتے کی تبدیلی کی تصدیق
- کرایے کا بل
- بینک کا گوشوارہ
- بیمہ بل (صحت، مکان مالکان کا، کرایہ داران کا، زندگی یا آٹوموبائل کا بیمہ)
- کریڈٹ کارڈ کا بل یا گوشوارہ

نوٹ: پچھلے 90 دنوں میں سکونت کو ثابت کرنے والی دیگر دستاویزات استعمال ہو سکتی ہیں۔

**(صفحہ پلٹیں)**

■ اپنی **ٹیکس کے قابل گھریلو آمدنی** کی تصدیق کرنے کے لیے درج ذیل کا استعمال کریں:

---

- گزشتہ سال سے انٹرنل ریونیو سروس (Internal Revenue Service, IRS) فارم 1040 کے تمام صفحات

**یا آپ یا گھرانے کے ہر ممبر کے لیے وہ تمام استعمال کریں جو لاگو ہوتے ہیں:**

- NYS معذوری کی مراعات: انعام کا خط یا چیک کی پرچی
- پنشن/ریٹائرمنٹ کے فوائد: گوشوارہ یا چیک کی پرچی
- SSI/SSA کی مراعات موجودہ انعام کا خط/خط یا موجودہ مراعات کا چیک یا SSA کی جانب سے مراسلت
- بے روزگاری بیمہ کی مراعات (Unemployment Insurance Benefits): موجودہ انعام کا خط یا نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ محنت (Department of Labor) کے ساتھ باضابطہ مراسلت
- کرایہ گیرندہ سے ادائیگی کا ثبوت (چیک/منی آرڈر کی نقل) یا کرایہ سے موصول ہونے والی آمدنی کا تحریری گوشوارہ
- پچھلے 30 دنوں کی تمام ادائیگی کی پرچیاں
- آجر کی جانب سے خط - پچھلے 30 دنوں کی مجموعی آمدنی کے ساتھ دستخط مع تاریخ درج شدہ؛ آجر کا نام، پتہ اور فون نمبر شامل کریں
- بینک کا گوشوارہ اگر آپ کی ادائیگی آپ کے اکاؤنٹ میں جمع ہوتی ہے
- خود کی ملازمت: کاروبار کے ریکارڈز یا ٹیکس ریکارڈز
- اگر مذکورہ بالا میں سے کوئی بھی دستیاب نہیں ہے تو اپنی جانب سے ایک خط فراہم کریں - جس پر پچھلے 30 دنوں کی مجموعی آمدنی کے ساتھ آپ کے دستخط مع تاریخ درج ہوں؛ آمدنی کی وضاحت شامل کریں

نوٹ: امداد اطفال کی ادائیگی آپ کے حساب کتاب میں یا آپ کی درخواست یا دستاویزی شہادت کے ساتھ شامل نہیں ہونی چاہیے۔

**اگر اس نوٹس کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہوں تو براہ کرم 311 پر کال کریں۔ آپ Fair Fares NYC پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے nyc.gov/fairfares بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔**